الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ



ریاض الوظائف

مؤلف ومرتب

خادم الفقراء صوفی بابا ریاض احمد خان بلوچ آف (سویڈن)

SNAPPHAN VAGEN 138 1TR 17754 JARFALLA SWEDEN

Ph: 0046 736918544

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ریاض الوظائف

مرتب وتالیف

خادم الفقراء: صوفی بابا ریاض احمد خان بلوچ (سویڈن)

برائے رابطہ:

SNAPPHAN VAGEN 138 1TR 17754 JARFALLA

(SWEDEN) SUFI MUHAMMAD RIAZ AHMAD

PH:0046-736918544

بلوچ ہاؤس کینال روڈ نزد ڈیل بنگلہ تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

فون نمبر 0413-442470

Scanned with CamScanner

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب : ریاض الوظائف

مصنف : صوفی بابا ریاض احمد خان بلوچ (سویڈن)

تعداد اشاعت: (1000) 2006ء

اہتمام اشاعت: **پسران**: محمد نواز خان، محمد یوسف خان، محمد علی خان، محمد حسن خان، محمد حسین خان، محمد ابرار خان

پروف ریڈنگ: تنویر لودھی، حافظ محمد ندیم راولپنڈی

کمپوزنگ، ڈیزائننگ: ایم۔ندیم، راولپنڈی 0300-7936609

ھدیہ: 165 روپے

کتاب منگوانے کا پتہ:

SNAPPHAN VAGEN 138

1 TR 17754 JARFALLA SWEDEN

PH:0046-736918544

SUFI MUHAMMAD RIAZ AHMAD

بلوچ ہاؤس کینال روڈ نزد پل بنگلہ تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

فون نمبر: 0413-442470

Scanned with CamScanner

اے فرش و عرش زیر لوائے مبارکت گر جا دہی مرا بہ عبائے مبارکت
اے ذوالکرم زے رحمتِ عامِ تو دُور نیست کونین سر بہا دہ بہ پائے مبارکت

اے کہ فرش و عرش جنابﷺ کے مبارک جھنڈے کے نیچے ہیں اور کونین نے جناب کے پاؤں مبارک پہ سر رکھا ہوا ہے
اے صاحب کرم یہ آپ کی رحمت عام سے دور نہیں اگر مجھ غریب کو بھی اپنی کملی مبارک میں جگہ دے دیں

خادم الفقراء صوفی بابا ریاض احمد خان بلوچ

رابطہ:
بلوچ ہاؤس کینال روڈ نزد پل بنگلہ
تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد
Ph: 0413 442470

Scanned with CamScanner

انتساب

وظائف کی یہ بےنظیر اور بے مثال کتاب جس کا نام "ریاضُ الوظائف" ہے تاجدار ردو جہاں، وارث کون ومکاں، سید السادات، منبع فیوض وبرکات، مصدر انوار تجلیات، مرکز خیر وحسنات، محبوب رب کائنات حضور پرنور رسول خدا، احمدِ مجتبےٰ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے اسم عظیم اور ذات کریم سے منسوب کی جاتی ہے

عرضِ ناشر

ہم نے "ریاض الوظائف" کے اس جز کو طباعت کے جدید ترین تقاضوں کے مطابق خوبصورت اور جاذب نظر بنانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس متن کی تصحیح میں بھی اتنی ہی محنت کی ہے جتنی کسی انسان سے ممکن ہے اس کے باوجود اس متن میں کسی نوعیت کی کوئی خاص کمی یا غلطی نظر آئے تو اسے تقاضائے بشریت سمجھتے ہوئے درگزر سے کام لیجئے اگر جلد ساز کی غفلت کی وجہ سے صفحات کی ترتیب میں کوئی غلطی یا کمی بیشی پائی جائے تو ہمیں مطلع فرمایئے تاکہ آئندہ طباعت میں اس کی اصلاح کردی جائے۔

مؤلف ومرتب:
صوفی بابا ریاض احمد خان بلوچ (سویڈن)

Scanned with CamScanner

نوٹ:

کسی بھی پریشانی، مسائل کے لیے روحانی مشورہ یا اس کے علاوہ وظائف کی خصوصی اجازت لینے کے لیے صوفی بابا ریاض احمد خان بلوچ صاحب سے رابطہ کر سکتے ہیں

Scanned with CamScanner

ترتیب

نمبرشمار		صفحہ نمبر
1	مناصب اولیاء اللہ، فضیلت ذکر الٰہی	1تا3
2	اسم اعظم	4تا6
3	فرمان رسولؐ، تسبیحات، دعائیں، سورتیں، کلمہ کی فضیلت	7تا12
4	فضائل اوراد فتحیہ شریف ، ترجمہ	13تا62
5	دعائے رقاب	63تا73
6	دعائے مغنی شریف	74تا83
7	دعائے سیفی شریف ، عمل مجرب واکسیر	84تا89
8	دعائے صدیق	90تا91
9	اسلام کے چھ کلمے	92تا94
10	نماز تہجد ، نماز تسبیح	95
11	فضائل سید الاستغفار	96
12	خیر و برکت کا انمول وظیفہ	97
13	فضائل آیۃ الکرسی ، فضائل درود تاج،	98
14	درود تاج	99
15	برکات درود امام بوصیریؒ ، برکات درود تحینا، برکات عہد نامہ	100تا103
16	غم اور بے چینی دور کرنے کی دعا، نقش مبارک	104

Scanned with CamScanner

(1)

اس کو بھی ضرور پڑھیے

مُنَاصِبُ اَوْلِیَاءُ اللّٰہِ

(صوفیاء کی اصطلاحات احادیث سے ماخوذ ھیں)

اولیاء اللہ کے مختلف مناصب کے متعلق عام ذہنوں میں جو غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں اور جن کے خلاف "بدعت" کا نام لے کر نفرت پھیلائی جاتی ہے۔ انہیں دور کرنے کے لیے ذخیرہ احادیث میں سے چند شواہد پیش کیے جاتے ہیں۔

1۔ "ابو نعیم نے حلیہ میں ذکر کیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں ہر زمانہ میں پانچسو خیار ہوں گے اور چالیس ابدال، ان دونوں میں کمی نہ ہوگی، ان میں سے جو فوت ہوگا، ان پانچسو میں سے اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرے شخص کو ان چالیس میں داخل کر دے گا۔ 2۔ امام احمد کی حدیث۔ اس امت میں ابدال تیس ہوں گے جن کے قلب حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے قلوب پر ہوں گے۔ ان میں سے جو فوت ہوگا اللہ اس کی جگہ دوسرا ابدل دے گا۔ 3۔ حدیث طبرانی۔ میری امت میں تیس ابدال ہوں گے، ان کے سبب سے زمین قائم رہے گی ان کی وجہ سے بارش کی جائے گی، اور ان کی وجہ سے مدد دی جائے گی۔ 4۔ ابدال شام میں ہوتے ہیں اور وہ چالیس مرد ہیں، ان کے سبب سے تمہیں بارش دی جاتی ہے اور ان کی وجہ سے تمہیں دشمنوں پر فتح دی جاتی ہے، اور ان کے سبب سے اہل زمین سے تکالیف اور مصائب دور کیے جاتے

Scanned with CamScanner

ہیں۔ابدال اہل شام میں ہوں گے،ان کی وجہ سے تمہیں مدد دی جائے گی اور تمہیں رزق دیا جائے گا۔غوث اور قطب:"ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ خدا کے تین سو بندے مخلوق میں ہیں جن کے قلوب حضرت آدم کے قلب کی مانند ہیں۔ چالیس ایسے ہیں جن کے قلوب حضرت موسیٰؑ کے قلب کی مانند ہیں۔سات ایسے ہیں جن کے قلوب حضرت ابراہیمؑ کے قلب کے سے ہیں پانچ ایسی ہیں جن کے قلوب حضرت جبرائیلؑ کے قلب پر ہیں۔تین ایسے ہیں جن کے قلوب حضرت میکائیلؑ کے قلب پر ہیں۔اوڑایک ایسا بندہ ہے جس کا قلب حضرت اسرافیلؑ کے قلب پر ہے"حضرت انس سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ چالیس آدمیوں سے زمین خالی نہ رہے گی جو مثل خلیل اللہؑ کے ہیں تو ان کی وجہ سے تم پر بارش برسائی جائیگی،اور ان کی وجہ سے تمہاری مدد کی جائیگی،اور ان کی وجہ سے تمہیں رزق دیا جائیگا۔مجمع الزوائد میں ہے کہ اسکے اسناد حسن ہیں۔

ذکرِ الٰہی

فضیلت ذکر الٰہی

ذکر کی فضیلت: پیارے بھائیوں! آج ساری دنیا میں ایک عالمگیر بے چینی پائی جارہی ہے۔کوئی ملک،کوئی شہر اور کوئی گاؤں بلکہ کوئی گھر ایسا نہیں جہاں بدامنی اور بے چینی نہ پائی جاتی ہو۔آج ہر شخص بے چینی کا شکار نظر آرہا ہے۔

آہ! نادان انسان شراب و رباب کی محفلوں،سینما گھروں کی گیلریوں،ڈرامہ گاہوں فحش وعریانی سے مرصّع نائٹ کلبوں اور جنسی ورومانی ناولوں کے مطالعہ میں سکون کی تلاش

میں سرگرداں ہے آخر سکون کہاں ملے گا؟ آیئے قرآن سے سوال کرتے ہیں۔اے اللہ عَزَّ وَجَلّ کے سچے اور پاکیزہ کلام! تو ہی ہماری رہنمائی فرما اور ہمیں ارشاد فرما کہ سکون کہاں ملتا ہے؟ جب ہم نے قرآن مجید کی خدمت میں استفسار کیا تو جواب ملا

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

ترجمہ: سن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا چین ہے۔(کنزالایمان)

گویا یہ بے چینی اور بے اطمینانی ذکر اللہ عَزَّ وَجَلّ سے غفلت کی وجہ سے ہے۔اللہ عَزَّ وَجَلّ کا ذکر دل کی غذا ہے اور دل اگر اپنی غذا نہ پائے تو بے چین نہ ہو تو کیا ہو؟ معلوم ہوا کہ یہ پریشانیاں اور حیرانیاں محض اللہ عَزَّ وَجَلّ کے ذکر سے غفلت کے باعث ہیں۔

شعر: غافل انسان اپنے رب عَزَّ وَجَلّ کو یاد کر
دل کی اجڑی بستیاں آباد کر!

ذکر کی فضیلت چند احادیث کی روشنی میں

(1) ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول ؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتلاؤں؟ جو تمہارے اعمال میں سب سے بہتر ہے اور تمہارے مالک (پروردگار) کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ ہے اور تمہارے درجات کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا ہے اور سونے چاندی کے اللہ کی راہ میں خرچ نے سے یہی بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر ہے کہ تم اپنے دشمن سے میدان جہاد میں مقابلہ کرو اور پھر تم ان کی گردنیں کاٹو اور وہ تمہاری گردنیں کاٹیں؟ صحابہ

Scanned with CamScanner

نے عرض کی یارسول اللہ ضرور بتلائیے۔آپ نے ارشاد فرمایا (وہ عمل اللہ کا ذکر ہے۔ **(حدیث)** ہر آدمی کے دل کی دو کوٹھڑیاں ہوتی ہیں۔ایک میں فرشتہ (رہتا ہے) اور دوسری میں شیطان۔پس جب وہ شخص اللہ کے ذکر میں مصروف ہو جاتا ہے تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے اور جب اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو شیطان اپنی چونچ اس کے دل میں رکھ دیتا ہے یعنی اس کے دل پر مسلط ہو جاتا ہے اور (طرح طرح کے) وسوسے ڈالتا رہتا ہے۔ **(حدیث)** تم اتنی کثرت سے اللہ کا ذکر کیا کرو کہ لوگ تم کو دیوانہ کہنے لگیں **(حدیث)** آپؐ نے فرمایا کوئی صدقہ (عمل خیر) اللہ کے ذکر سے افضل نہیں ہے۔

اَللہ تعالیٰ کا اسم اعظم

متعدد احادیث میں اسم اعظم کا ذکر آیا ہے اور اسم اعظم کیا ہے؟ اس کے بارے میں بھی متعدد روایات پائی جاتی ہیں۔اسم اعظم کے بارے میں حضور انور ﷺ نے فرمایا ہے کہ اس کے ذریعے اللہ شانہ سے دعا کی جاتی ہے تو اللہ جل جلالہ قبول فرماتا ہے۔ اور اس کے ذریعہ سوال کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ شانہ پورا فرما دیتے ہیں۔مصنفؒ نے یہاں چند روایات ذکر کی ہیں جن میں اسم اعظم کا ذکر ہے

(1)۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ○

ترجمہ: اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

یہ وہی الفاظ ہیں جن کے ذریعے حضرت یونسؑ نے اللہ کو پکارا اور اس نے ان کی دعا قبول فرما کر اندھیروں سے نجات دی۔ مصنفؒ نے مستدرک حاکم سے یہ روایت نقل کی ہے۔ مستدرک میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت کی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی کوئی مسلمان جب کبھی کس بارے میں ان الفاظ کے ذریعے دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرمائے گا۔ (قال الحاکم حدیث صحیح الاسناد واقرہ الذہبی) اور حاکم نے دوسری روایت اس طرح نقل کی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کیا میں تم کو اللہ کا اسم اعظم نہ بتادوں جس کے ذریعہ دعا کی جاتی اور اللہ تعالیٰ سے سوال کیا جاتا ہے تو وہ پورا فرماتا ہے۔ یہ وہ دعا ہے جس کے ذریعہ یونسؑ نے اللہ کو تین تاریکیوں میں پکارا (ایک تاریکی رات کی، دوسری سمندر کی، تیسری مچھلی کے پیٹ کی اللہ تعالیٰ نے حضرت یونسؑ کی پکار سنی) حافظ ابن حجر فتح الباری: میں فرماتے ہین کہ جن روایات میں اسم اعظم کا ذکر ہے سند کے اعتبار سے ان میں سب سے زیادہ راجح وہ روایت ہے جو حضرت بریدہؓ سے مروی ہے اور ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان اور حاکم نے اس کی تخریج کی ہے۔ اس روایت کے بعض طرق میں لفظ اَنِّیْ اَسْئَالُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَد''۔ ترجمہ: الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس لئے کہ تو ہی اللہ اکیلا ہے بے نیاز ہے جس سے نہ کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اس کے برابر (ہمسر) ہے۔

Scanned with CamScanner

اسم اعظم ان دو آیتوں میں

1۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ج

(اور تمھارا معبود یگانہ معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بڑا ہی رحم کرنے والا اور بہت ہی مہربان ہے۔

الٓمٓ o اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط

(الف، لام، میم، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے۔ اور سب کو قائم رکھنے والا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ج وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ o

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں اور جو غافل ہو گئے وہ گھاٹے میں رہیں گے۔ (حدیث قدسی ہے) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں جو میرے بارے میں گمان رکھتا ہے اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ اگر وہ مجھے دل میں یاد کرتا ہے تو میں اس کو تنہا یاد کرتا ہوں اور اگر وہ مجھے جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اس سے بہتر جماعت میں اس کو یاد کرتا ہوں۔ (الحدیث) (بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، عن ابی ہریرہؓ)

رسول ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں سب اعمال سے بہتر عمل نہ بتادوں جو تمھارے بادشاہ کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ ہے اور تمہارے درجات کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا ہے اور جو تمہارے لیے (دنیا میں) سونے اور چاندی کے خرچ کرنے سے بہتر ہے اور نیز تمہارے لیے اس بات سے بہتر ہے کہ (میدان جنگ میں) دشمن سے تمہارا مقابلہ ہو

جائے تو تم ان کی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کے جی ہاں! ارشاد فرمایئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایسا عمل اللہ کا ذکر ہے (ترمذی، ابن ماجہ، حاکم، احمد، عن ابی الدرداء)

فَاذْكُرُونِيٓ اَذْكُرْكُمْ

ترجمہ: "پس تم میرا ذکر کرو میں تمھارا ذکر کروں گا۔"

فرمانِ رسول اللہ ﷺ:

فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ کوئی مال صدقہ اللہ کے ذکر سے بہتر نہیں۔ (طبرانی فی الاوسط عن ابن عباسؓ) اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو راستوں میں گشت لگاتے ہوئے اہل ذکر کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں۔ پھر جب وہ کسی جماعت کو اللہ عزوجل کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں کہ اپنے مقصد کی طرف آجاؤ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ فرشتے (وہاں جمع ہو جاتے ہیں اور) ان کو اپنے پروں سے آسمان دنیا تک گھیر لیتے ہیں۔ (بخاری، مسلم، ترمذی، عن ابی ہریرہؓ)

فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جو شخص اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو شخص اپنے رب کو یاد نہیں کرتا اس کی مثال مردہ اور زندہ کی سی ہے (بخاری، مسلم، عن ابی موسیٰ الاشعریؓ)

اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ ○

ترجمہ: جو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر ہر وقت اللہ کو یاد کرتے ہیں۔ (آل عمران۔ آیت ۱۹۱ پارہ ۴)

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ

Scanned with CamScanner

ﷺ! اسلام کے شرائع مجھ پر بہت ہو گئے ہیں سب پر عمل کرنا دشوار ہے۔ آپ مجھے ایسی چیز بتا دیجئے جس کو میں خوب اچھی طرح مضبوطی سے پکڑ لوں (یعنی اس میں لگا رہوں) آپ ﷺ نے فرمایا تیری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہے (ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم، ابن ابی شیبہ، عن عبداللہ ابن بسرؓ)

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيلًاO

ترجمہ: اور آپ اپنے رب کے نام کا ذکر کیجئے اور سب سے الگ ہو کر صرف اسی کی طرف متوجہ ہو جایئے (مزمل، آیت ۸، پارہ ۲۹)

......تسبیحات

صبح کے وقت

(1) ہر ورد کو شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ پھر اول و آخر درود خضری 500 مرتبہ تا 1100 مرتبہ لازم ہے۔ (درود شریف یہ ہے) **صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّم** (2) سورہ اخلاص 500 سے لیکر 1000 مرتبہ (3) تیسرا کلمہ تمجید 500 مرتبہ (4) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ 300 بار یا 3000 ہزار مرتبہ (5) یَا وَدُوْدُ 500 سے لیکر 1100 مرتبہ (6) سورہ فاتحہ 41 مرتبہ یا 75 مرتبہ (7) استغفر اللہ 100 مرتبہ (8) **سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْم** 100 مرتبہ ط آخر میں گزارش ہے کہ اگر اوپر لکھی ہوئی تعداد کے مطابق نہ پڑھ سکیں تو کم از کم 111 مرتبہ ضرور پڑھیں۔ یاد رہے کہ جو بھی ورد شروع کر دیا جائے اس میں ناغہ نہ کریں تا کہ اس کے اثرات و برکات سے آپ کی دینی و دنیاوی مرادات بر آئیں۔ اور آپ دنیا و آخرت میں سرخرو ہوں۔ یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتح عالم علاوہ ازیں۔ 1۔ تنویر قلب کے لیے پاس

انفاس جب سانس اندر داخل ہو تو اسم پاک "اَللّٰہ" تصور کرے۔ جب باہر آئے تو "ھُو" تصور کرے۔ مگر زبان کو حرکت نہ دے۔ ہر وقت وضو بے وضو جاری رکھے۔

2۔ ذکر نفی و اثبات : (مبتدی کے لئے ذکر بالجہر)

رات کو آنکھیں بند کر کے زبان تالو سے لگائیں۔ سانس کو بقدر قوت روک کر لا اِلٰہ کہتے ہوئے داہنے بازو تک سر کو لائیں اور اِلَّا اللہ کی ضرب دل پر پوری قوت سے لگائیں اور آہستہ آہستہ سانس چھوڑ دیں۔

3۔ مراقبہ اسم ذات

اسم ذات اللہ کو اپنے دل پر تصور کریں (طریقہ) آنکھیں بند کریں اور اپنے دل کو تمام خیالات سے پاک کر کے اسم ذات کریں۔ جب مراقبہ سے فارغ ہو تو یہ ذکر کرے۔ **یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ** (11 مرتبہ)۔

تسبیحات فاطمہ کی فضیلت

یہ تسبیحات حضور اقدس ﷺ نے حضرت فاطمہ اور حضرت علیؓ کو سوتے وقت پڑھنے کے لیے بتائی تیں۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے خانگی کام کاج کے پیش نظر حضور اقدس ﷺ سے ایک خادم طلب کرنے کا ارادہ کے۔ جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو وہاں کچھ لوگوں کو باتوں میں مشغول پایا لہذا واپس چلی آئیں۔ دوسرے دن آپ خود ان کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا کہ کل تم کس ضرورت سے آئیں تھیں آپ نے دو مرتبہ فرمایا وہ دونوں مرتبہ خاموش رہیں۔ حضرت علیؓ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! صورت حال عرض کرتا ہوں، ان کو چکی پیسنی پڑتی ہے جس کی وجہ سے ان کے ہاتھ میں نشان پڑ گئے ہیں اور مشکیزہ بھر کر لاتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے سینہ میں نشان

Scanned with CamScanner

پڑ گیا ہے گھر میں جھاڑو دیتی ہیں جس سے ان کے کپڑے غبار آلودہ ہو جاتے ہیں اور ہانڈی کے نیچے آگ جلاتی ہیں ۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ سے ایک خادم طلب کریں ۔ یہ اسی ضرورت کے پیش نظر حاضر ہوئی تھیں ۔ آپ نے فرمایا کہ میں تمھیں اس سے بہتر چیز نہ بتادوں جو تم نے طلب کیا ہے؟ جب تم (سونے کے لیے) لیٹ جاؤ تو

(33 بار سبحان اللہ) (33 بار الحمد اللہ) (34 بار اللہ اکبر) کہو

۔ یہ تمھارے لیے خادم سے بہتر ہے (سنن ابی داؤد، باب فی التسبیح عند النوم)۔

دعا

آخری چہار شنبہ کو نماز فجر تا عشاء ہر نماز کے بعد یہ آیات قرآنی ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پیئے اور سب کو بھی پلائے ۔

سَلَامٌ ۗ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ ط سَلَامٌ عَلٰى نُوۡحٍ فِى الۡعٰلَمِيۡنَ ط سَلَامٌ عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ط سَلَامٌ عَلٰى مُوۡسٰى وَهٰرُوۡنَ ط سَلَامٌ عَلٰٓى اِلۡيَا سِيۡنَ ط سَلَامٌ عَلَيۡكُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِيۡنَ ط سَلَامٌ هِىَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ط

یہ سات آیات قرآنی درازی عمر حفاظت جان و مال کے لیے بہت افضل ہیں ۔

جب کسی انسانی مدد کی ضرورت ہو تو

(۱) ۔ اَعِيۡنُوۡنِىۡ يَا عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ

ترجمہ: اے اللہ کے بندو میری مدد کرو اللہ تم پر رحم کرے۔ (بزاز عن ابن عباسؓ)

2۔ يَاعِبَادَاللّٰهِ اَعِيْنُوْنِي يَاعِبَادَاللّٰهِ اَعِيْنُوْنِيْ يَاعِبَادَاللّٰهِ اَعِيْنُوْنِيْ۔ ترجمہ: اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو (طبرانی فی الکبیر عن زید بن علیؓ) اور اس کا تجربہ کیا گیا ہے (اگر جنگل میں آپکی کوئی سواری گم ہوجائے تو اس وقت یہ کلمات ادا کرے۔ (طبرانی فی الکبیر)

﴿حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا یارسول اللہ مجھے کوئی دعا سکھا دیجئے جو میں اپنی نماز میں مانگا کروں اس پر حضورؐ نے یہ دعا سکھائی﴾

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَ مَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے وہ سب گناہ بخش دے جو میں نے پہلے کئے اور جو بعد میں کئے اور جو میں نے چھپا کر کئے اور ظاہر میں کئے اور جو کچھ میں نے زیادتی کی اور جن گناہوں کو تو مجھ سے زیادہ ہے ان کو بخش دے تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

﴿سوتے وقت چند سورتیں پڑھ کر جسم پر دم کرنا﴾

سوتے وقت یہ عمل بھی کرے کہ دونوں ہاتھ ملائے اور (قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ) اور (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) اور (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) پڑھ کر ان میں دم کرے پھر جہاں تک ہوسکے انہیں جسم پر پھیرے اور سر اور منہ اور بدن کے سامنے کے حصے سے شروع

Scanned with CamScanner

کرے۔اس طرح تین مرتبہ کرے۔حضور اقدس ﷺ سوتے وقت یہ عمل کرتے تھے۔آیۃ الکرسی بھی پڑھے(بخاری،نسائی،ابن ابی شیبہ،عن علیؓ)

﴿ان اذکار کی فضیلت کا بیان جو کسی وقت اور سبب اور جگہ کے ساتھ مخصوص نہیں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کی فضیلت﴾

1۔فرمایا حضور اکرم ﷺ نے کہ سب ذکروں سے افضل ذکر لا الہ الا اللہ ہے(ترمذی عن جابرؓ)

2۔اور ایک حدیث میں ہے کہ لا الہ الا اللہ تمام نیکیوں سے افضل ہے(مسند احمد عن بریدہؓ)

3۔آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ میری شفاعت سے قیامت کے دن سب سے زیادہ وہ شخص بہرہ ور ہوگا جس نے خلوص دل کے ساتھ کلمہ طیبہ کہا ہوگا(بخاری عن ابی ہریرہؓ)

حدیث شریف میں ہے اس کلمہ کی کئی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں۔جو کوئی اس کلمہ کو دن میں سو مرتبہ پڑھے گا۔تو انشاء اللہ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا اور اگر کوئی اپنے مرحوم کے لیے پونے لاکھ یا لاکھ کا ورد کرے گا اور ثواب پہنچائے گا۔تو انشاء اللہ خدا پاک اسے عذاب سے نجات دے گا اور جو اپنے لیے ورد رکھے گا تو جنت کا حقدار اور دوزخ سے بچ جائے گا۔

ضروری نوٹ: برائے اجازت: جہاں تک اوراد فتحیہ شریف کا تعلق ہے۔ہر خاص و عام کو پڑھنے کی اجازت ہے۔لیکن اس کے علاوہ کوئی یہ کہتا ہے کہ میں نے پڑھا اور مجھ کو کچھ حاصل نہ ہوا اگر وہ مشاہدات،مناظر تجلیات وانوارات کرشمات،کیف وسرور سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے تو مؤلف سے اجازت لینا ضروری ہے بغیر اجازت کے پڑھنے سے مشکلات اور پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں محض کتاب پر لکھا ہوا پڑھ لینے سے اس وظیفہ کی اجازت کافی نہیں جب کوئی صاحب اجازت،اجازت عطا

Scanned with CamScanner

فرماتے ہیں تو پھر وہ ضامن اور محافظ ہو جاتے ہیں اور مشکل وقت اور کسی امتحان کے موقع پر راہ نمائی فرماتے ہیں۔

فضائل اوراد فتحیہ شریف

جس شخص کو دین و دنیا کی فتوحات حاصل کرنے کی خواہش ہو اسے چاہئے کہ وہ اوراد فتحیہ شریف کو پڑھے اوراد فتحیہ شریف حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات میں سے ہے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اپنی تصنیف انتباہ فی سلاسل اولیا کے صفحہ 142-143 پر لکھتے ہیں کہ

ترجمہ: اوراد فتحیہ شریف

ایک ہزار چار سو اولیا کے متبرک کلام سے جمع ہوا ہے اور فتح ہر ایک کی ان میں سے ایک کلمہ سے ہوئی ہے جو حضوری کے ساتھ اپنے پر لازم کرلے اس برکت اور صفائی مشاہدہ کرے گا **واللہ ولی التوفیق** ۔اب اگر فضائل اور خواص اس اوراد فتحیہ شریف کے بیان کئے جائیں تو بہت طویل ہو جائیں گے۔ اس واسطے کہ آنحضرت سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ساری عمر میں معمورہ عالم کی تین بار سیر کی ہے اور چودہ سو کامل اولیاء سے ملے ہیں۔ ہر ولی سے رخصت کے وقت دعا اور نصیحت اور ورد وظائف کی التجا کی اور ان نصیحتوں اور ورد وظائف کو اپنے جامہ پر مرقع کیا ہے اور ان دعاؤں اور ذکروں کو جو بے اختیار ان کی زبانوں پر جاری ہوتے تھے جمع کیا ہے انہیں حضرت سے منقول ہے کہ جب میں بارہویں دفعہ کعبہ شریف کی زیارت کو گیا پھر مسجد

Scanned with CamScanner

اقصیٰ پہنچا تو حضرت محمد ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ تشریف لا رہے ہیں میں اٹھا اور آگے گیا اور آپ کی خدمتِ اقدس دعالیہ میں سلام عرض کیا۔ آپ نے اپنی آستینِ مبارک سے ایک جزو نکالا اور اس درویش سے فرمایا کہ "**خدا هذا الفحيه**" (یعنی اس فتحیہ کو پکڑ لے) جب میں نے آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دست مبارک سے پکڑ لیا اور نظر کی تو یہ وہی اوراد فتحیہ شریف تھے جن کو میں نے جمع کیا ہوا تھا۔ اس اشارہ سے اس کا نام (اوراد) فتحیہ شریف رکھا گیا۔ چونکہ اس اوراد شریف سے 1400 کامل اولیاءاللہ کے فیوض جاری ہیں اس لئے اس کے پڑھنے والوں کو خداوندِ قدوس کی طرف سے ان بزرگوں کا صدقہ فیضان ملتا ہے اس کے پڑھنے والوں کے تاثرات مشاہدات اور تجربات علیحٰدہ علیحٰدہ ہوتے ہیں۔

پڑھنے کا وقت

اس اوراد فتحیہ شریف کو تہجد کے وقت پڑھنا چاہیئے کیونکہ اس کے پڑھنے والے کیلئے ترک جمالات وحیوانات ضروری اور لازمی امر ہے اگر کبھی نماز تہجد کے بعد نہ پڑھا جاسکے تو فجر کی نماز کے بعد پڑھ لینا چاہیئے۔ بالفرض اگر کوئی شخص فجر کی نماز کے بعد بھی نہ پڑھ سکے تو دن کے کسی پہر میں ضرور بہ ضرور پڑھ لینا چاہئے اگر سفر کی وجہ سے یا کسی اور بناء پر دن کے کسی پہر میں بھی نہ پڑھا جاسکے تو اگلے دن دو دفعہ اس کا ورد کیا جائے تاکہ پچھلی کمی پوری ہوسکے۔

پڑھنے کا طریقہ

اورادفتحیہ شریف کو پڑھنے سے پہلے ایک بار اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمْ ایک بار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

11 دفعہ درود شریف: صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلَّمْ

7 دفعہ سورۃ الفاتحہ شریف بمعہ بسم اللہ شریف اور 11 دفعہ سورۃ اخلاص شریف بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ لیں

(**نوٹ**): اورادفتحیہ پڑھتے وقت کسی سے گفتگو نہ کریں اگر دوران تلاوت بات چیت کریں تو پھر دوبارہ شروع سے مذکورہ بالا طریقے کے مطابق پڑھیں۔

اورادفتحیہ شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ ط

ساتھ نام اللہ تعالیٰ کے جو نہایت مہربان بڑا رحم فرمانے والا ہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ ط

میں خدائے بزرگ و برتر سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ ط

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ

اللہ تبارک و تعالیٰ بزرگ و برتر سے معافی چاہتا ہوں وہ ذات کہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ

کوئی سچا عبادت کے لائق نہیں مگر وہی زندہ اور ہمیشہ رہنے والا ہے لوٹتا ہوں

اِلَيْــــهِ وَأَسْـــأَلُـــهُ التَّــوْبَةَ ط

اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں اور اسی سے توبہ مانگتا ہوں۔

تَــوْبَةَ عَبْـدٍ ظَـالِمٍ لَّا يَـمْلِكُ لِنَفْسِـهٖ

توبہ ایک ظالم بندے کی ، جو اپنے وجود کے لیئے ضرور اور

ضَــرًّا وَّلَا نَــفْـعًــا○وَلَا مَــوْتًــا وَّ لَا

نفع کا مالک نہیں ہے۔ اور نہ (قادر ہے) موت پر اور

حَيٰــوةً وَّلَا نُشُــوْرًا○اَلــلّٰهُــمَّ اَنْــتَ

نہ حیات پر اور نہ دوبارہ اٹھائے جانے پر۔اے اللہ ! تو سدا

السَّلَامُ وَمِــــــنْكَ السَّلَامُ وَ اِلَيْكَ

سلامت ہے اور تجھ سے سلامتی ہے اور تیری طرف

يَــرْجِعُ السَّلَامُ○حَيِّـنَــا رَبَّـنَــا بِـالسَّلَامِ

سلامتی پھرتی ہے زندہ رکھ ہمیں اے ہمارے پروردگار ساتھ سلامتی

وَاَدْخِـلْـنَا دَا رَالسَّلَامِ○ تَبَــارَكْــتَ رَبَّـنَــا

Scanned with CamScanner

کے اور داخل فرما ہمیں سلامتی کے گھر میں تو بڑا بابرکت ہے اے ہمارے پروردگار

وَتَعَالَيْتَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

اورتو بلند و برتر ہے۔ اے بزرگی اور فضل والے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا يُّوَافِيْ

اے اللہ و تبارک و تعالی تیر لئے تمام تعریف ہے وہ تعریف کہ کفلیت کرتی ہے

نِعَمَكَ وَيُكَافِيْ مَزِيْدَ كَرَمِكَ

تیری سب نعمتوں کے ساتھ اور برابری کرے تیرے زیادتی کرم کے ساتھ

اَحْمَدُكَ بِجَمِيْعِ مَحَامِدِكَ مَا عَلِمْتُ

میں تعریف کرتا ہوں تیر ساتھ تیری تمام تعریفوں کے جن کو میں جانتا ہوں

مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَعَلٰى جَمِيْعِ نِعَمِكَ

ان سے اور جن کو میں نہیں جانتا ہوں اور تیری تمام نعمتوں پر

مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَعَلٰى

جن کو میں جانتا ہوں ان میں سے اور جن کو میں نہیں جانتا ہوں اور اوپر

كُلِّ حَالٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط

Scanned with CamScanner

ہر حال کے ۔ میں پناہ لیتا ہوں ساتھ اللہ (تبارک و تعالیٰ) کے شیطان

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ج

راندے ہوئے سے ۔نہیں کوئی سچا معبود (عبادت کے لائق) مگر وہی اللہ زندہ

لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوۡمٌ ط

اورہمیشہ رہنے والا نہیں پکڑتی اسے اونگھ اور نہ نیند

لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ط

اس کے لئے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے

مَنۡ ذَاالَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ط

کون ہے وہ ذات کہ سفارش کرے اس کے پاس مگر اس کے حکم کیساتھ

یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡھِمۡ وَمَا خَلۡفَھُمۡ

جانتا ہے وہ کچھ سامنے ان لوگوں کے ہے اور جو پیچھے ان لوگوں کے ہے

وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ

اور وہ احاطہ نہیں کرسکتے کسی چیز کا ۔اس کے علم میں سے

اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ

مگر ساتھ اس چیز کہ جو وہ چاہتا ہے اور گھیرے میں لئے ہوئے ہے اسکی کرسی

وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَــؤُدُهٗ حِــفْــظُــهُــمَــا ج

آسمانوں اور زمینوں کو اور نہیں گراں گزرتی اس کو نگہبانی ان کی اور

وَهُــوَالْــعَــلِــیُّ الْــعَــظِــیْــمُ ہ

بزرگ و برتر ہے اللہ تبارک و تعالیٰ۔ اللہ منزہ اورپاک ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ (33بار) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (33بار)

سب تعریف اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے ہے اللہ تبارک و تعالیٰ

اَلــلّٰــهُ اَكْبَرُ (34دفعــه) لَآاِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰــهُ

بہت بڑا ہے نہیں ہے پرستش کے لائق مگر اللہ وہ ایک ہے

وَحْدَهٗ لَــهُ الْــمُــلْكُ وَلَــهُ الْــحَــمْــدُ

اس کے لئے کوئی شریک نہیں ہے اسی کیلئے بادشاہی حقیقی ہے اور اسی کیلئے سب

وَهُــوَعَــلٰــی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (10دفــعــه)

تعریف اور وہ اوپر سب چیزوں کے قدرت والا ہے ۔

لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰــهُ الْمَلِكُ الْجَبَّارُ ط

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ بادشاہ (حقیقی) جبر فرمانے والا ہے ۔نہیں ہے

لَآ اِلٰــهَ اِلَّااللّٰـــهُ الْـوَاحِـدُ الْقَهَّـارُ ط

کوئی معبود مگر اللہ (تبارک و تعالیٰ) کہ اکیلا غالب ہے ۔نہیں ہے کوئی

لَآاِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـــهُ الْـعَـزِيْـزُ الْغَفَّـارُ ط

سچا معبود مگر اللہ (تبارک و تعالیٰ) جو کہ غالب بخشنے والا ہے ۔

لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـــهُ الْـكَـرِيْـمُ السَّتَّـــارُ ط

نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ تبارک وتعالیٰ کے کہ کرم فرمانے والا اور چھپانے

لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـــهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَـالِ ط

والا ۔نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ کہ بہت بڑا ہے اور سب چیزوں فائق ہے

لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـــهُ خَـالِـقُ الَّيْـلِ وَ

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کہ پیدا فرمانے والا راتوں اور

الـنَّهَـارِ ط لَآاِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـــهُ الْـمَعْبُوْدُ

دنوں کا ۔ نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کہ جس کی پوجا کی

بِكُلِّ مَكَانٍ ط لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ الْمَذْكُوْرُ

Scanned with CamScanner

جاتی ہے سب مکانوں میں ۔نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ کے کہ جس کا ذکر

بِکُلِّ لِسَانٍ ط لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

کیا جاتا ہے سب زبانوں میں نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ تبارک وتعالیٰ

الْمَعْرُوْفُ بِکُلِّ اِحْسَانٍ ط لَآ اِلٰـهَ

کے کہ پہچان کیا گیا ہے ساتھ سب نیکیوں کے ۔نہیں ہے کوئی سچا معبود

اِلَّا اللّٰهُ کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ط

سوائے اللہ تبارک و تعالیٰ کے کہ وہ ہر روز نئے کام بنانے میں ہے ۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اِیْمَانًا م بِاللّٰهِ ط

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تبارک وتعالیٰ اس حالت میں کہ ایمان ہے ساتھ اللہ کے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَانًا مِّنَاللّٰهِ ط

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک وتعالیٰ اس حالت میں کہ امان ہے اللہ سے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَانَةً مِّنْ

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ اس حالت میں کہ امانت ہے

عِنْدَاللّٰهِ ط لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا

اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ۔نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ کہ نہیں ہے

حَــوْلَ وَلَا قُــوَّةَ اِلَّا بِــالــلّٰــهِ ط

رکنا اور قدرت رکھنا (کسی حرکت کا)مگر ساتھ اللہ کی توفیق کے

لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ وَلَا نَــعْـبُـدُ اِلَّآ

نہیں کوئی سچا معبود سوائے اللہ کے اور ہم نہیں پوجتے سوائے اس کا

اِيَّــاهُ ط لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ حَـقًّـا حَـقًّـا ط

نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ کے کہ ساتھ تحقیق کے سچ ہے

لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ اِيْـمَـانـاً وَّ صِـدْقـاً ط

نہیں کوئی سچا معبود سوائے اللہ کے ساتھ ایمان اور سچائی کے

لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ تَـعَـبُّـدًا وَّ رِقــاً ط

نہیں کوئی سچا معبود سوائے اللہ تبارک و تعالیٰ کے ساتھ بندگی و عبادت کے

لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ تَـلَـطُّـفـاً وَّ رِفْـقـاً ط

نہیں کوئی سچا معبود سوائے اللہ تبارک وتعالیٰ کے ازروئے مہربانی وسازگاری

لَآ اِلٰــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ قَـبْـلَ كُـلِّ شَــيْءٍ ط

Scanned with CamScanner

نہیں کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کہ ہے پہلے کل چیزوں کے

لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ بَـعْـدَ كُـلِّ شَــيْءٍ ط

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کے کہ ہے پیچھے کل چیزوں کے

لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ يَبْقٰــى رَبُّـنَــا وَ

نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ تبارک و تعالیٰ کے کہ باقی رہیگا پالنے والا ہمارا

يَـفْـنٰـــى وَ يَـمُـوْتُ كُـلُّ شَــيْءٍ ط

اور فنا اور مردہ ہوجائیں گی سب چیزیں

لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ الْـمَـلِكُ الْـحَـقُّ

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کے کہ بادشاہ ہے اور محقق

الْـمُـبِـيْـنُ ط لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ الْمَـلِكُ

الوجود ظاہر ہے ۔نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کہ بادشاہ ہے

الْـحَـقُّ الْيَـقِـيْـنُ ط لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ

اسی کو بادشاہی بلاشک و شبہ سزاوار ہے ۔نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ

الْـعَـلِـيُّ الْـعَـظِـيْـمُ ط لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ

Scanned with CamScanner

کہ بلندو بزرگ ہے نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ کہ

اَلْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

بُردبارکرم فرمانے والا ہے نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ

رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ

کہ پالنے والے سات آسمانوں کا اور پالنے والا ہے

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

بزردگی والے عرش کا نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر

اللّٰهُ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ ط لَآ اِلٰهَ

اللہ تبارک وتعالیٰ کہ بڑے بڑے بزرگوں کا بڑا بزرگ ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ط

سوائے اللہ تبارک و تعالیٰ کے کہ مہربانوں کا مہربان ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَبِيْبُ التَّوَّابِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا بندگی کے لائق سوائے اللہ کے کہ توبہ کرنیوالوں سے محبت فرمانے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَاحِمُ الْمَسَاكِيْنَ ط

Scanned with CamScanner

والا ہے۔نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ۔ کہ بہت بڑا رحم فرمانے والا اور درویشوں کا ہے

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ هَادِى الْمُضِلِّيْنَ ط

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ کہ ہدایت فرمانے والا ہے گمراہوں کا۔

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ دَلِيْلُ الْحَآءِ رِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا بندگی کے لائق مگر اللہ کہ حیرت میں پڑے ہوؤں کو راہ دکھانیوالا ہے

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ اَمَانُ الْخَآءِ فِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا بندگی کے لائق سوائے اللہ ڈرنے والوں کو پناہ دینے والا

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ غَيَاثُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا پوجا کے لائق مگر اللہ کہ فریاد کرنیوالوں کی فریاد کو پہنچنے والا

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی برحق پوجا کے لائق مگر اللہ کہ سب مدد کرنیوالوں سے بہتر مدد کرنیوالا

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی بندگی کے لائق مگر اللہ جو سب حفاظت کرنیوالوں سے بہتر حفاظت کرنیوالا

لَآاِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ط

Scanned with CamScanner

نہیں ہے کوئی سچا عبادت کے لائق مگر اللہ سب وارثوں سے بہتر وارث ہے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا عبادت کے لائق مگر اللہ کہ سب حاکموں کا بہتر حاکم ہے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ط

نہیں کوئی بندگی کے لائق مگر اللہ کہ سب روزی دینے والوں کا بہترین روزی رسان ہے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا پوجا کے لائق مگر اللہ کہ جو بہتر سب کھولنے والوں کا ہے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا عبادت کے لائق مگر اللہ کہ بہتر سب بخشنے والوں کا ہے۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ط

نہیں ہے کوئی سچا بندگی کے لائق سوائے اللہ کہ بہتر رحم کرنیوالوں کا ہے۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ وَصَدَقَ

نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ کہ وہ ایک ہے اور سچا فرمایا اس نے

وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ

وعدے اپنے کو اور مدد فرمائی بندے اپنے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی اور غالب

وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ وَلَا

فرمایا لشکر اس کے کو اور شکست دی مخالفوں کے لشکروں کو۔ ایک ہے وہ

شَیْءَ بَعْدَهٗ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اور کوئی چیز اس کے بعد نہیں رہے گی اور نہیں ہے کوئی سچا عبادت کے لائق مگر اللہ

اَهْلُ النِّعْمَةِ وَلَهُ الْفَضْلُ وَ

کہ نعمتوں والا ہے اور اس کے لئے بزرگی ہے اور

لَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اس کے لئے اچھی تعریف ہے نہیں ہے کوئی سچا بندگی کے لائق

اللّٰهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ

وَرِضَا نَفْسِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ط

اور بہ مقدار اس کی ذات کی خوشنودی کے اور موافق شمار اس کے کلمات کی سیاہی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَاحِبُ الْوَاحِدَانِيَّةِ

کے نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے اللہ کے جو کہ یکتائی اور

الْفَرْدَانِيَّةِ الْقَدِيْمِيَّةِ الْاَزْلِيَّةِ

یگانگی والا ہے اور صفت قدیمی والا اور صفت ازلی والا

الْاَبَدِيَّةِ لَيْسَ لَهٗ ضِدٌّ وَّلَانِدٌّ وَّلَا

اور صفت ابدی والا ہے ۔نہیں ہے واسطے اس کے کوئی مخالف اور نہ ہمسر

شِبْهٌ وَّلَا شَرِيْكٌ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور نہ مانند اور نہ شریک نہیں ہے کوئی معبود سوائے

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهٗ

اللہ کے کہ ایک ہے وہ نہیں ہے شریک اس کے لئے اس کے لئے

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ وَ

بادشاہی اور واسطے اس کے ہے سب تعریف زندہ فرماتا اور

يُمِيْتُ وَهُوَحَىٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ

مارتا ہے اور وہ ہے زندہ حقیقی کہ ہرگز فوت نہ ہوگا ۔اسکے ہاتھ

الْخَيْرُ ط وَهُوَعَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ط

میں ہے نیکی اور ۔وہ سب چیزوں پر قدرت والا ہے

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ط هُوَ الْاَوَّلُ

اور اسی کی طرف پھرنا ہے وہ اول اور

وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ط وَهُوَ

آخر اور ظاہر اور باطن اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ط لَيْسَ كَمِثْلِهٖ

سب چیزوں کا حقیقی علم رکھنے والا ہے ۔نہیں ہے جیسے کہ مثل اسکی

شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ط

کوئی چیز اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ اور بہتر وکیل

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ط (۳دفعہ)

کیسا اچھا مدد گار اور اچھا یاری دینے والا

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ط

ہم بخشش طلب کرتے ہیں تجھ سے اے ہمارے پالنے والے اور تیری ہی طرف پھرنا ہے

Scanned with CamScanner

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَیْتَ وَ

اے اللہ تبارک وتعالیٰ نہیں ہے کوئی منع کرنے والا اس چیز کا کہ تو عطا فرمائے اور

لَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ

نہیں ہے کوئی عطا کرنیوال اس چیز کا کہ تو عطا نہ فرمائے اور نہیں ہے کوئی رد کرنیوالا

لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ

اس حکم کا کہ تو جاری فرمائے اور کوئی نفع نہیں دیتا نصیب والے کو

مِنْکَ الْجَدُّ ہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَلِیِّ

تجھ سے نصیب اس کا منزہ و پاک ہے میرا پروردگار کہ بہت بلند ہے

الْاَعْلٰی الْوَھَابِ(۲بار) ط سُبْحَانَ رَبِّیَ

اور بلند تر دینے والا منزہ و پاک ہے میرا پروردگار

الْعَلِیِّ الْاَعْلَی الْکَرِیْمِ الْوَھَّابِ یَا

کہ بہت بلند ہے بڑا کرم فرمانے اور عطا فرمانے والا اے

وَھَّابُ سُبْحٰنَکَ مَا عَبَدْنٰکَ حَقَّ

عطا فرمانے والے۔تو منزہ پاک ہے نہیں پوجا کی ہم نے تیری جو کہ

عِبَادَتِكَ سُبْحٰنَكَ مَا عَرَفْنَاكَ

حق تیری پوجا کا تھا تو منزہ و پاک ہے ہم نے نہیں پہچانا تجھے جیسا کہ

حَقَّ مَعْرِفَتِكَ سُبْحٰنَكَ مَاذَكَرْنَاكَ

تیری پہچان کا حق تھا ۔تو منزہ پاک ہے ہم نے تیرا ذکر (یاد)

حَقَّ ذِكْرِكَ سُبْحٰنَكَ مَاشَكَرْنَاكَ

نہ کیا جو کہ تیرے ذکر کا حق تھا ۔تو منزہ و پاک ہے ہم نے تیرا شکر ادا نہ کیا

حَقَّ شُكْرِكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْاَزَلِيِّ الْاَزَلِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ

جو تیرا شکر ادا کرنے کا حق ہے ۔منزہ و پاک ہے اللہ کہ ہمیشہ رہنے والا ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ

ایک ہے منزہ پاک ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کہ اکیلا

الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَافِعِ

بے نیاز ہے منزہ و پاک ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کہ بلند بنانے

السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ

والا آسمانوں کا بغیر ستونوں کے منزہ و پاک ہے

اللّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً

اللہ تبارک و تعالیٰ وہ ذات کہ نہیں ہے اس کی بیوی

وَّلَا وَلَدًا سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ

اور نہ لڑکا منزہ و پاک ہے وہ ذات کہ نہ

یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ

جنا کسی کو اور نہ کسی سے جنا گیا اور نہیں اس کے لیے

کُفُوًا اَحَدٌ ہ سُبْحَانَ الْمَلِکِ

کوئی برابری والا منزہ و پاک ہے بادشاہ حقیقی

الْقُدُّوْسِ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ

نہایت پاک ہے منزہ و پاک ہے عالم ظاہر والا

وَالْمَلَکُوْتِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ

اور عالم باطن والا منزہ و پاک ہے عزت والا

وَالْعَظْمَۃِ وَالْقُدْرَۃِ وَالْھَیْبَۃِ وَ

اور عظمت والا اور طاقت والا اور رعب والا اور

الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ وَالْكَمَالِ وَ

بزرگی والا اور خوبی والا اور با کمال اور

الْبَقَآءِ وَالثَّنَآءِ وَالضِّيَآءِ وَالْاٰلَآءِ

ہمیشگی والا اور تعریف والا اور روشنی والا اور ظاہری مہربانیوں

وَالنَّعْمَآءِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط

والا اور باطنی نعمتوں والا اور بڑا والا اور صفات کی بزرگی والا

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِىْ

منزہ و پاک ہے بادشاہ حقیقی کہ زندہ ہے وہ ذات کہ

لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ

نہیں سوتی اور نہ مرے گی منزہ و پاک ہے ہر نقصان سے

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ

مطلق پاک و سلامتی والا ہمارا پالنے والا اور پروردگار فرشتوں اور

الرُّوْحِ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

سب روح کا۔منزہ و پاک ہے اللہ اور سب تعریف واسطے اللہ کے

وَلَآاِلٰــــهَ اِلَّا الــلّٰـــهُ وَالــلّٰــهُ اَكْبَـرُ وَ

ہے اور نہیں ہے کوئی سچا پرستش کے لائق بدوں اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اور

لَآحَـوْلَ وَلَا قُـوَّةَ اِلَّا بِـالـلّٰــهِ الْعَلِـيِّ

نہیں رکنا اور قدرت رکھنا مگر ساتھ اللہ بلندمرتبہ و

الْــعَـظِـيْـمِ ط اَلــلّٰـهُـمَّ اَنْــتَ الْـمَـلِكُ

بزرگ کی توفیق کے ۔اے اللہ تبارک و تعالیٰ تو ہی ہے بادشاہ حقیقی

الْــحَـــقُّ الَّــذِیْ لَآاِلٰــــهَ اِلَّااَنْـــتَ

سچاوہ ذات کہ نہیں ہے کوئی سچا معبود سوائے تیرے

يَـا اَلــلّٰـهُ يَـا رَحْـمٰـنُ يَـارَحِـيْـمُ

اے اللہ تبارک وتعالیٰ اے مطلق رحم فرمانے والے اے بڑے مہربان

يَــامَــلِكُ يَــاقُــدُّوْسُ يَـا سَلَامُ

اے بادشاہ(حقیقی) اے نہایت پاک اے سلامت(سب عیبوں سے

يَــامُـؤْمِنُ يَــامُهَـيْـمِـنُ يَــاعَزِيْزُ

اے رسولوں کی تصدیق فرمانیوالے   اے نگہبان   اے عزت والے

یَا جَبَّارُ   یَا مُتَكَبِّرُ   یَا خَالِقُ

اے زبردست (بزرگی والے)   اے صاحب بڑائی   اے پیدا فرمانے والے

یَا بَارِئُ   یَا مُصَوِّرُ   یَا غَفَّارُ

اے ظاہر فرمانے والے   اے شکل بخشنے والے   اے حقیقی بخشنے والے

یَا قَهَّارُ   یَا وَهَّابُ   یَا رَزَّاقُ

اے غالب بحکمت   اے عطا فرمانے والے   اے رزق دینے والے

یَا فَتَّاحُ   یَا عَلِيمُ   یَا قَابِضُ

اے کھولنے والے (مشکلوں کے)   اے جاننے والے (مطلق)   اے تنگ فرمانیوالے (بحکمت)

یَا بَاسِطُ   یَا خَافِضُ   یَا رَافِعُ

اے کھولنے والے (بحکمت)   اے نیچے فرمانے والے (بحکمت)   اے اونچا فرمانے والے

یَا مُعِزُّ   یَا مُذِلُّ   یَا سَمِيعُ

اے عزت دینے والے   اے ذلت دینے والے   اے سننے والے

یَا بَصِيرُ   یَا حَكَمُ   یَا عَدْلُ

اے دیکھنے والے | اے حکم فرمانے والے | اے عدل فرمانیوالے

یَا لَطِیْفُ یَاخَبِیْرُ یَاحَلِیْمُ

اے لطف فرمانے والے | اے خبر رکھنے والے | اے تحمل والے

یَا عَظِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَاشَکُوْرُ

اے عظیم الشان | اے بخشنے والے (گناہوں کے) | اے قدردان

یَاعَلِیُّ یَاکَبِیْرُ یَاحَفِیْظُ

اے بلند مرتبہ عالی شان | اے سب سے بڑے | اے نگہبان

یَامُقِیْتُ یَاحَسِیْبُ یَاجَلِیْلُ

اے طاقتور روزی دینے والے | اے حساب لینے والے | اے حقیقی بزرگ

یَا کَرِیْمُ یَارَقِیْبُ یَامُجِیْبُ

اے کرم فرمانے والے بزرگ | اے نگہبان وحفاظت فرمانیوالے | اے قبول فرمانے والے

یَاوَاسِعُ یَاحَکِیْمُ یَاوَدُوْدُ

اے وسعت والے | اے حکمت والے | اے محبوب عاشقان

یَامَجِیْدُ یَابَاعِثُ یَاشَهِیْدُ

Scanned with CamScanner

اے بزرگی وشرف والے | اے بھیجنے والے رسولوں | اے موجود حقیقی

یَاحَقُّ یَاوَکِیلُ یَاقَوِیُّ

اے مطلق سچے بے عیب | اے ذمہ دار کارساز حقیقی | اے قوت وطاقت والے

یَامَتِیْنُ یَاوَلِیُّ یَاحَمِیْدُ

اے مضبوط وشدید | اے مددگار | اے مطلق تعریف کیے گئے

یَامُحْصِی یَامُبْدِیءُ یَامُعِیْدُ

اے مطلق گھیرنے والے | اے ابتدا کرنیوالے | اے خلق کولوٹانے والے

یَامُحْیِی یَامُمِیْتُ یَاحَیُّ

اے زندہ فرمانے والے | اے مارنے والے | اے زندہ مطلق

یَاقَیُّوْمُ یَاوَاجِدُ یَامَاجِدُ

اے قائم رکھنے والے | اے غنی پالنے والے | اے شان وبزرگی والے

یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ

اے مطلق اکیلے | اے حقیقی یکتا | اے حقیقی بے احتیاج

یَاقَادِرُ یَامُقْتَدِرُ یَامُقَدِّمُ

Scanned with CamScanner

اے قدرت وقوت والے ۔ اے ہر چیز پر قدرت رکھنے والے اے آگ فرمانے والے

يَــامُؤَخِّرُ يَــااَوَلُ يَــااٰخِرُ

اے پیچھے فرمانیوالے اے حقیقی پہلے اے حقیقی پچھلے

يَـاظَـاهِـرُ يَـابَـاطِنُ يَاوَالِىُ

اے ظاہر والے اے حقیقی پوشیدہ ومخفی اے مطلق مالک

يَــامُتَـعَـالِىُ يَـابَرُّ يَـاتَوَّابُ

اے بلند وعالی شان اے محسن ونیکوکار اے توبہ قبول فرمانے والے

يَـامُـنْـعِـمُ يَـامُنْتَقِمُ يَـا عَفُوُّ

اے انعام ونعمت دینے والے اے بدلہ لینے والے اے درگزر فرمانیوالے

يَــارَؤُفُ يَــامٰـلِكَ الْـمُـلْكِ

اے رحمت ومہربانی فرمانیوالے اے مطلق مالک سلطنت وشہنشاہی

يَـــاذُوالْـــجَلَالِ وَالْاِكْـــرَامِ

اے حقیقی جلالت والے اور حقیقی بخشش فرمانے والے

يَــارَبُّ يَــامُقْسِطُ يَـاجَـامِعُ

Scanned with CamScanner

اے بکھروں کو اکٹھا فرمانیوالے　　اے عادل و منصف　　اے مطلق پالنے والے

یَاغَنِیُّ　یَامُغْنِیُّ　یَامُعْطِیُ

اے مطلق بے احتیاج　　اے بے نیاز دولتمند کرنیوالے　　اے مطلق بخشش فرمانیوالے

یَامَانِعُ　یَاضَآرُّ　یَانَافِعُ

اے حقیقی منع فرمانے والے　　اے رنج و تکلیف پہنچانیوالے　　اے مطلق فائدہ پہنچانیوالے

یَانُوْرُ　یَاهَادِیُ　یَابَدِیْعُ

اے نور مطلق　　اے ہدایت فرمانیوالے　　اے بغیر نمونہ کے پیدا فرمانیوالے

یَابَاقِیُ　یَاوَارِثُ　یَارَشِیْدُ

اے باقی و دائم رہنے والے　　اے مطلق وارث و مالک　　اے رشد و ہدیات کے ہادی

یَاصَبُوْرُ　یَاصَادِقُ　یَاسَتَّارُ

اے مطلق تحمل فرمانے والے　　اے حقیقی سچ فرمانے والے　　اے مطلق پردہ پوش

یَامَنْ تَقَدَّسَتْ عَنِ الْاَشْبَاهِ ذَاتُهٗ

اے وہ جو کہ منزہ و پاک ہے مثلوں سے اس ذات

وَتَنَزَّهَتْ عَنْ مُّشَابَهَةِ الْاَمْثَالِ

اور منزہ و پاک ہے مشابہت مثالوں سے

صِفَاتُهٗ يَامَنْ دَلَّتْ عَلٰى وَحْدَانِيَّتِهٖ

صفتیں اس کی اے وہ ذات کہ دلالت کرتی ہے ایک ہونے پر جس کے

اٰيٰاتُهٗ شَهِدَتْ بِرَبُوْبِيَّتِهٖ مَصْنُوْعَاتُهٗ

نشانیاں اس کی گواہی دیتی ہیں اس کے پروردگار ہونے پر۔ اس کی کاریگریاں

وَاحِدٌ لَّامِنْ قِلَّةٍ وَّمَوْجُوْدٌ لَّا مِنْ عِلَّةٍ

یکتا ہیں نہ کم ہونے کی جہت سے، نہ کسی علت کے سبب سے

يَامَنْ هُوَ بِالْبِرِّ مَعْرُوْفٌ وَّبِالْاِحْسَانِ

اے وہ ذات کہ جو نیکی کے ساتھ مشہور ہے اور احسان کے ساتھ

مَّوْصُوْفٌ مَّعْرُوْفٌ بِلَاغَايَةٍ وَّمَوْصُوْفٌ

موصوف ہے اور پہچانا گیا ہے بغیر غایت کے۔ اور موصوف ہے

بِلَانِهَايَةٍ اَوَّلٌ قَدِيْمٌ بِلَا اِبْتِدَآءٍ

بے انتہا پہلا قدیمی مخلوق سے بغیر ابتدار کے

وَّاٰخِرٌ كَرِيْمٌ بِلَا اِنْتِهَآءٍ وَّغَفَرَ

اور آخر ہے (مخلوق سے)کرم فرمانے والا بے انتہا اور بخشتا ہے

ذَنُوْبَ الْمُذْنِبِیْنَ کَرَمًا وَّ حِلْمًا

گناہ گنہگاروں کے بخشش اور بردباری سے

یَامَنْ لَّیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّ هُوَ

اے وہ ذات کہ نہیں ہے اس کی مانند کوئی شے اور وہ

السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ط حَسْبُنَا اللّٰهُ

حقیقی سننے والا اور دیکھنے والا ہے ۔کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ

وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ

اور بہترین کار ساز ہے بہترین حقیقی مولیٰ(دوست)اور بہترین

النَّصِیْرُ ط غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ

مددگار ہے ہم بخشش مانگتے ہیں تجھ سے اے پروردگار ہمارے اور تیری طرف

الْمَصِیْرُ ط یَادَآئِمُ بِلَافَنَآءٍ وَّیَا

تمام مخلوقات کا پھر جانا ہے اے حقیقی ہمیشہ رہنے والے بغیر فنا کے اور اے

قَآئِمُ بِلَازَوَالٍ وَّ یَامُدَبِّرُ بِلَا

حقیقی قیام رکھنے والے بغیر زوال کے اور اے حقیقی تدبیر فرمانے والے بغیر

وَزِيْرٍ سَهِّلْ عَلَيْنَا وَعَلٰى وَالِدَيْنَا

وزیر کے۔ آسان فرما ہم پر اور ہمارے والدین پر

كُلَّ عَسِيْرٍ لَآ اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ

سب دکھوں کو ، نہیں شمار کرسکتا تعریف و ثنا تیری کو

اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ عَزَّ

جیسا کہ تو نے اپنی ذات کی خود تعریف کی ہے غالب ہے

جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَتَقَدَّسَتْ

پناہ لینے والا تیری اور بڑی ہے تعریف و ثنا تیری اور منزہ و پاک ہیں

اَسْمَآؤُكَ وَعَظُمَ شَاْنُكَ وَلَآ

تیرے نام اور تیری شان بڑی ہے اور نہیں ہے

اِلٰهَ غَيْرُكَ يَفْعَلُ اللّٰهُ مَايَشَآءُ

کوئی خدائے برحق سوائے تیرے۔کرتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ وہ کچھ جو چاہتا ہے

بِقُدْرَتِهٖ وَيَحْكُمُ مَايُرِيْدُ

ساتھ قدرت اپنی کے اور حکم فرماتا ہے وہ کچھ جو ارادہ فرماتا ہے

بِعِزَّتِهٖ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ

اپنے غلبہ و قدرت کے ساتھ ۔جان لوکہ اللہ کی ہی طرف پھرتے ہیں

الْاُمُوْرُ ط كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا

سب کام و حکم۔ہر چیز فانی ہونے والی ہے مگر

وَجْهَهٗ ط لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

ذات اس کی فانی نہ ہوگی۔اسی کے لئے حقیقی حکم ہے اوراسی کی طرف پھیرے جاؤ گے

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَالسَّمِيْعُ

سوعنقریب کفایت فرمائے گا تجھے اللہ (اے محمدؐ) اور اللہ سننے والا اور

الْعَلِيْمُ ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَكَفٰى سَمِعَ

جاننے والا ہے ۔کافی ہمیں اللہ اور کفایت کی ۔سنے والا

اللّٰهُ لِمَنْ دَعَاوَلَيْسَ وَرَآءَ اللّٰهِ

ہے اللہ واسطے ہر اس شخص کے جس نے دعا کی ۔نہیں ہے سوائے اللہ

الْمُنْتَهٰى مَنِ اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ

کے مقاصد و وجود کی انتہا جس کسی نے اللہ پر بھروسہ کیا

فَقَدْ نَجٰی سُبْحَانَ مَنْ لَّمْ یَزَلْ

سو بے شک اس نے نجاب پائی ۔منزہ پاک ہے وہ ذات جو ہمیشہ رہتا ہے

رَبًّا رَّحِیْمًا وَّلَا یَزَالُ کَرِیْمًا ط لَآ

حقیقی پروردگار اور مطلق مہربان اور ہمیشہ رہے گا ۔بہت بخشش کرنے والا

اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ ط

نہیں ہے کوئی پرستش کے لائق سوائے اللہ حقیقی بردبار اور بزرگ کے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

نہیں ہے خدائے برحق مگر اللہ حقیقی زندہ و پائندہ تدبیر فرمانیوالا

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ حقیقی بلندو برتر اور عظمت والے کے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَنَّانُ الْعَلِیْمُ

نہیں ہے کوئی سچا پوجا کے لائق سوائے اللہ کے جو بیحد احسان فرمانیوالا اور جاننے والا ہے

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْقُدُّوْسُ الْقَدِیْمُ

Scanned with CamScanner

نہیں ہے کوئی سچا معبود مگر اللہ کہ منزہ و پاک قدیم حقیقی ہے ۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ

نہیں ہے کوئی سچا خدا مگر اللہ کہ وسعت والا اور صاحب حکمت ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط

نہیں ہے کوئی برحق معبود مگر اللہ کو بہت رحم فرمانے والا بہت مہربان ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

نہیں ہے کوئی معبود سچا اللہ کے سوا کہ حقیقی سننے والا اور جاننے والا ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ

منزہ و پاک ہے اللہ اور مطلق برکت والا ہے اللہ

رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ

کہ پالنے والا و مالک ہے سات آسمانوں کا اور مالک و پروردگار ہے

الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

بڑے عرش کا اور سب تعریف و ثناء اللہ تعالیٰ کے لئے ہے

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

جو پروردگار ہے جہانوں کا۔نہیں کوئی سچا پرستش کے لائق مگر اللہ

وَحۡدَهٗ لَاشَرِيۡكَ لَهٗۤ اِلٰهً

کہ وہ ایک ہے نہیں ہے کوئی اس کا شریک ۔ معبود ہے وہ

وَّاحِدٌ اَحَدٌ صَمَدٌ فَرۡدٌ

ایک یگانہ بے نیاز یکتا ذات

وِّتۡرٌ حَیًّ قَيُّوۡمًا دَآئِمًا اَبَدًا

طاق ہے زندہ اور قائم رکھنے والا ہمیشہ دائمی ابدی

لَّمۡ يَتَّخِذۡ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّ

نہ اختیار فرمائی بیوی اور نہ اولاد اور

لَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ شَرِيۡكٌ فِي الۡمُلۡكِ

نہیں لائق واسطے اس کے کوئی شریک بیچ بادشاہی کے

وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ

اور نہیں ہے لائق واسطے اس کے نہ کوئی دوست و مددگار بسبب ذلت و عجز اور

وَكَبِّرۡهُ تَكۡبِيۡرًا ؕ اَللّٰهُ اَكۡبَرُ (3بار) ط

Scanned with CamScanner

تعظیم کرو اس کی جیسا کہ اس کا تعظیم کا حق ہے ۔اللہ بہت بڑا ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ لِدِيْنِنَا ط حَسْبُنَا

کافی ہے ہمیں اللہ واسطے دین ہمارے کے کافی ہے ہمیں اللہ

اللّٰهُ لِدُنْيَانَا ط حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَا

ہماری دنیا کے لئے ۔ کافی ہے ہمیں اللہ واسطے اس کے

اَهَمَّنَا ط حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى

جو کچھ کہ ہمیں غمگین کرے ۔کافی ہے ہمیں اللہ واسطے اس کا جو ہم پر ظلم کرے

عَلَيْنَا ط حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنَا

کافی ہے ہمیں اللہ واسطے اس شخص یک جوہم پر حسد کر

حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنَا بِسُوْٓءٍ

کافی ہمیں اللہ واسطے اس شخص کے جو برائے کیساتھ مکر کرے ہمارے ساتھ

حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبُنَا

کافی ہے ہمیں اللہ موت کے وقت کافی ہمیں اللہ

اللّٰهُ عِنْدَ الْقَبْرِ ط حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ

عِنْدَالْحِسَابِ حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ

قبر میں حساب کتاب کے وقت کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ

الْمَسَآئِلِ حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ

قبر میں سوالوں کے وقت ۔کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ پل

الصِّرَاطِ حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ ط

صراط کے وقت ۔ کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ

حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ ط

کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ اعمال کے تلنے کے وقت

حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ط

کافی ہے ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ جنت اور دوزخ کے وقت

حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَاللِّقَآءِ ط حَسْبِیَ

کافی ہے ہمیں اللہ (تبارک و تعالیٰ) اپنے دیدار کے وقت ۔کافی ہے مجھے

اللّٰهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ

اللہ وہ ذات کہ نہیں ہے کوئی الٰہ مگر وہ اس پر

تَوَكَّلْتُ وَهُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط

میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں ۔نہیں ہے کوئی معبود

لَآ اِلٰـهَ اِلَّااللّٰـهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَآ اَعْظَمَ

سوائے اللہ کے ۔منزہ و پاک ہے اللہ کیا بزرگ ہے

اللّٰـهُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ سُبْحَانَ اللّٰـهِ

اللہ تبارک و تعالیٰ ۔نہیں ہے کوئی برحق خدا مگر اللہ منزہ پاک ہے اللہ

مَـآ اَحْـلَمَ اللّٰـهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ

کیا بردبار ہے اللہ تبارک و تعالیٰ نہیں ہے کوئی سچا خدا سوائے اللہ کے

سُبْحَانَ اللّٰـهِ مَآ اَكْـرَمَ اللّٰهُ ط لَآ اِلٰهَ

منزہ و پاک ہے اللہ جو بخشش و بزرگی والا ہے ۔نہیں ہے کوئی

اِلَّا اللّٰـهُ وَحْـدَهٗ لَا شَـرِيْكَ لَـهٗ

برحق خدا سوائے اللہ کے کہ ایک ہے وہ اور نہیں ہے کوئی شریک اس کا

مُـحَـمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰـهِ حَقًّا ط اَللّٰهُمَّ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اللہ کے سچے رسول ہیں ۔اے اللہ رحمت

Scanned with CamScanner

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ

کاملہ بھیج حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر اس وقت کہ یاد کریں

الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اسے یاد کرنے والے۔ اور رحمت کاملہ بھیج اوپر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

کہ کہ غفلت کریں اس کی یاد سے غافل ہونے والے

رَضِیْنَا بِاللّٰہِ تَعَالٰی رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِسَیِّدِنَا

ہم راضی ہوئے ساتھ اللہ تعالیٰ پروردگار کے اور دین اسلام پر ہونیکے ساتھ

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور ساتھ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کہ درود بھیجے اللہ اوپر اس کے

نَبِیًّا وَّرَسُوْلًا وَّ بِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا

اور سلام بوجہ نبی اور رسول ہونے کے اور ساتھ قرآن پاک پیشوا ہونیکے

وَّبِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَّ بِالصَّلٰوةِ فَرِيْضَةً

اورساتھ کعبہ شریف قبلہ ہونے کے اور ساتھ نماز فریضہ ہونے کے

وَّبِالْمُؤْمِنِيْنَ اِخْوَانًا وَبِسَيِّدِنَا الصِّدِّيْقِ

اور ساتھ ایمان لانے والوں کے ساتھ بھائی بھائی ہونے کے اور ساتھ

وَسَيِّدِنَا بِالْفَارُوْقِ وَسَيِّدِنَا ذِى النُّوْرَيْنِ

حضرت ابوبکر صدیق ؓ اور ساتھ عمر فاروق ؓ اور ساتھ حضرت عثمان ؓ

وَسَيِّدِنَا الْمُرْتَضٰى اَئِمَّةً الْهَادِيْنَ ط

اور ساتھ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہ کے کہ امام و پیشوا ہیں خوشنودی اللہ

رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ط

تبارو و تعالیٰ جل جلالہٗ کی ان سب پر ہو۔

اگر آپ اوراد فتحیہ بوقت شام پڑھیں تو اس طرح پڑھیں ان الفاظ کی جگہ "مَرْحَبًا م بِالصَّبَاحِ الْجَدِيْدِ ○ وَبِالْيَوْمِ السَّعِيْدِ" ترجمہ: مبارک ہوئی صبح اور نیک دن ۔ کی جگہ آپ اس طرح پڑھیں گے "مَرْحَبًام بِالْمَسَاءِ الْجَدِيْدِ☆ وَ بِا اللَّيْلِ السَّعِيْدِ" ترجمہ: مبارک ہوئی شام اور مبارک ہو اچھی رات

مَرْحَبًا م بِالصَّبَاحِ الْجَدِيْدِ وَ

خوشی ہو ساتھ صبح نئی کے اور نیک بخت دن کے اور

بِـالْيَـوْمِ السَّـعِيْـدِوَ بِـالْـمَـلَـكَيْـنِ

ساتھ دو فرشتوں کے

الْـكَـاتِبَيْـنِ الشَّـاهِـدَيْـنِ الْعَـادِلَيْنِ

جو لکھنے والے ہیں کہ دو گواہ (حاضر و ناظر)انصاف کرنیوالے

حَيَّـاكُـمَـا اللّٰـهُ تَعَـالـٰى فِىْ يَوْمِنَا هٰذَا

زندہ رکھتا ہے تم دونوں کو اللہ بیچ اس دن ہمارے کے

اُكْتُبَـا فِـىْ اَوَّلِ صَـحِيْـفَتِـنَـا

یہاں تک کہ لکھو تم اے دونوں فرشتو ہمارے اعمالنامے میں

بِسْـمِ الـلّٰـهِ الـرَّحْـمٰـنِ الـرَّحِيْـمِ ہ

ساتھ نام اللہ بخشش فرمانے والے مہربان کے اور

وَاَشْهَـدُ اَنْ لَّآ اِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰــهُ ہ

تم دونوں اے فرشتو گواہ ہوجاؤ ساتھ اسکے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ نہیں ہے

وَحْـدَهٗ لَاشَـرِيْكَ لَـهٗ

